# خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی

## نوٹس نیلام برائے کمرشل ایریا ہائی رائز فلیٹس حیات آباد فیز 5 پشاور

خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی پشاور میں کمرشل ایریا جو کہ ہائی رائز فلیٹس حیات آباد فیز 5 پشاور میں واقع ہے بذریعہ کھلی بولی برائے عرصہ ابتدائی تین سال (قابل تجدید 10 سال) کیلئے نیلام کرنا چاہتا ہے۔ بولی دہندہ / دہندہ گان کی غیر موجودگی میں اسے / انہیں اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی طرف سے کسی شخص کو مختار خاص / نمائندہ مقرر کردے / دیں۔ مختار خاص / نمائندہ کو بولی سے قبل اصل مختار نامہ / اتھارٹی لیٹر، شناختی کارڈ جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اشتہار ہٰذا خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کی ویب سائٹ www.housingkp.gov.pk سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ سرکاری بولی کی فیس درج ذیل ہوگی۔

| نمبر شمار | تفصیل | سائز | ماہوار کرایہ / بیس پرائس | کال ڈیپازٹ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سپر سٹور | 310 sft | 37,200 | پانچ لاکھ |
| 2 | ہیر ڈریسر | 193 sft | 23160 | تین لاکھ |
| 3 | تندور | 180 sft | 21,600 | تین لاکھ |
| 4 | ملک شاپ | 209 sft | 25,080 | تین لاکھ |
| 5 | میٹ شاپ / مچھلی / پولٹری | 209 sft | 25,080 | تین لاکھ |
| 6 | میڈیکل سٹور / ڈسپنسری / کلینک | 390 sft | 46,800 | تین لاکھ |
| 7 | ویجیٹیبل (سبزی) / پھل شاپ | 180 sft | 21,600 | دو لاکھ |
| 8 | بیکری شاپ / کیفے / فاسٹ فوڈ | 1363 sft | 163,560 | پانچ لاکھ |
| 9 | ایل، پی، جی شاپ | 150 sft | 18,000 | تین لاکھ |
| 10 | لانڈری | 100 sft | 12,000 | دو لاکھ |
| 11 | ڈے کیئر سنٹر | 612 sft | 73,440 | پانچ لاکھ |
| 12 | ٹیلر شاپ | 193 sft | 23,160 | تین لاکھ |

نیلامی بمقام خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی ہائی رائز فلیٹ حیات آباد فیز 5 پشاور میں مورخہ 6 نومبر 2024 بروز بدھ وقت صبح 11:00 بجے منعقد ہوگی۔

نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہونے کی صورت میں مورخہ 13 نومبر بروز بدھ صبح 11:00 بجے منعقد ہوگی۔

1. ہر اس شخص کو نیلامی میں حصہ لینے کا حق ہوگا جو خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی سے بلیک لسٹ یا بقایادار نہ ہو، نہ ہی دفتر ہٰذا کے ساتھ کسی عدالتی مقدمہ میں ملوث رہا ہو اور جس سے مندرجہ بالا زربیعانہ بطور زرضمانت قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ بنام ڈائریکٹر جنرل خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی میں جمع کرائے ہوں۔ بصورت دیگر نیلام میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔
2. ٹھیکہ کی معیاد ابتدائی تین سال کے لئے ہوگی۔ جو قابل تجدید دس (10) سال تک ہوگی۔
3. کامیاب بولی دہندہ 07 دن کے اندر اندر اپنی بولی کا بقایا 1/4 حصہ بمعہ مروجہ نافذ العمل (Withholding Tax) اور حکومتِ (صوبائی یا وفاقی) کی جانب سے نافذ کردہ ٹیکس جمع کرنے اور مطلوبہ مالیت کے سٹامپ پیپر پر معاہدہ (Lease Agreement) خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کے ساتھ لف کرنے کا پابند ہوگا۔ جس کے بعد قبضہ دیا جائیگا اور فیس وصولی کا مجاز ہوگا۔
4. کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا 3/4 حصہ 30 دن کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگا ناکامی کی صورت میں قبضہ واپس لیا جائیگا اور بولی دہندہ کو بقایا ¾ رقم جمع کرنے کے لئے مزید 15 دن کی مہلت دی جائے گی۔ اور یہ 15 دن ٹھیکہ کے معیاد میں شمار کئے جائنگے۔ مزید ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ اور جمع شدہ رقم بحق خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی ضبط کی جائے گی۔
5. ناکام بولی دہندہ کو زربیعانہ / ضمانت نیلام کے بعد واپس کر دی جائے گی۔ منظور شدہ بولی سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زربیعانہ بحق خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی ضبط تصور ہوگا۔

6. کلینک کے لئے ڈاکٹر کا پاکستان میڈیکل اور ڈینٹل کونسل کے ساتھ رجسٹریشن لازمی ہے۔

7. کامیاب بولی دہندہ ماہوار کرایہ کی رقم ایڈوانس کی شکل میں ہر ماہ کی پانچ (05) تاریخ تک جمع کروائے گا۔ موجودہ کرایہ کی رقم پر سالانہ دس فیصد (10٪) اضافہ ہوگا۔ کرایہ کی ماہانہ قسط یا معاہدہ کے قوانین کے تحت کسی بھی ادائیگی میں تاخیر کی صورت میں 500 روپے یومیہ جرمانہ عائد ہوگا۔ تین ماہ سے زیادہ عرصہ تک ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں معاہدہ منسوخ سمجھا جائے گا اور پراپرٹی ادارے کے حق میں واپس لے لی جائے گی۔

8. کرایہ داری کی مدت ابتدائی 3 سال کے لئے ہوگی جو کہ قابل تجدید دس (10) سال کے لئے ہوگی۔ جس میں کسی قسم کی توسیع نہیں ہوگی اور بعد از میعاد عرصہ دس (10) سال کرایہ داری ہٰذا کسی عذر قبضہ و دخل واپسی مال خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کو کرنے کا پابند ہوگا۔

9. کرایہ دار تمام ٹیکسز اور افادی بل (بجلی، گیس، ٹیلی فون، پانی وغیرہ) اپنے خرچے پر متعلقہ محکمہ کے پاس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

10. ہڑتال، موسمی تغیر و تبدل، قدرتی آفت یا کسی وجہ سے تعطل کی ذمہ داری خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی پر نہ ہوگی۔

11. کامیاب بولی دہندہ ٹھیکہ کسی اور کے نام منتقل کرنے کا مجاز نہیں ہوگا۔ خلاف ورزی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کر کے محکمہ قبضہ کو واپس لینے کا اختیار مند ہوگا۔

12. کامیاب بولی دہندہ صفائی کا خود ذمہ دار ہوگا اور صفائی کا خود بندوبست کرے گا۔

13. کامیاب بولی دہندہ مجوزہ فیس کی وصولی اور دیکھ بھال کیلئے عملہ خود مہیا کرے گا اور ان کی تنخواہ اور دیگر ضروریات خود بہم پہنچائے گا۔

14. شرائط وضوابط کے پورا نہ ہونے کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر دیا جائے گا اور ٹھیکہ بحق سرکاری ضبط کر لیا جائے گا اور پراپرٹی کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی جس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

15. کامیاب بولی دہندہ کو طے شدہ کاروبار کے علاوہ کسی اور قسم کے کاروبار کی اجازت نہیں ہوگی۔

16. "ریسٹورنٹ / کیفے ٹیریا" جہاں ہے جیسا ہے کی بنیاد پر نیلام کیا جائے گا۔

17. کامیاب بولی دہندہ سٹامپ پیپر پر بیان حلفی (Affidavit) دے گا کہ وہ تکمیل معاہدہ پر عدالت سے رجوع نہیں کرے گا۔

18. کسی ہنگامی حالت کی صورت میں کامیاب دہندہ کسی رعایت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی اس ضمن میں کسی رعایت (Rebate) کا دعویٰ کرنے کا مجاز ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ ہنگامی حالات کو جواز بنا کر واجبات روک لینے کا مجاز ہوگا۔

19. کامیاب بولی دہندہ بلڈنگ میں صفائی، بجلی، سیوریج وغیرہ اور اینٹی ڈینگی سپرے کووڈ 19 سے بچاؤ کے سپرے وغیرہ جیسے اقدامات کرنے کا پابند ہوگا۔

20. کسی بھی وجہ سے ٹھیکہ وقت سے پہلے چھوڑنے پر کسی قسم کی رعایت کا مستحق نہ ہوگا۔

21. مندرجہ بالا شرائط کی مکمل یا جزوی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے کے علاوہ ٹھیکہ کی منسوخی اور جمع شدہ رقم ضبط کرنے کا اختیار ڈائریکٹر خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کو حاصل ہوگا۔

22. کرایہ دار کو کسی قسم کی بلڈنگ کی مستقل اسٹرکچرل ڈیزائن میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

23. نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ڈائریکٹر خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کو حاصل ہوگا۔ نیز مجاز اتھارٹی کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نامنظور یا جملہ نیلامی منظور کر دیں۔

24. مزید تفصیلات اور شرائط دفتری اوقات کار میں خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی سے ملاحظہ کر سکتے ہیں۔


**ڈائریکٹر پی اینڈ ڈی**

**خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی**

**حکومتِ خیبر پختونخوا**

**091-9224298**

**091-9224208**